| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ | سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید |

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سورۃ الفیل کو درست تلفّظ اور روانی کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورۃ الفیل کو نماز اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں سورۃ الفیل ابرہہ کے خانہ کعبہ پر حملہ کرنے کے بارے میں نازل ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے پرندوں کے ذریعہ اس لشکر کو عبرت کا نشان بنایا تھا۔ انھیں بتائیں سورۃ الفیل کا مرکزی خیال ہاتھی والے لشکر کی تباہی کا ذکر کر کے مسلمانوں کو تسلّی دینا ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ابرہہ اور اس کے لشکر کو ہلاک کر کے خانہ کعبہ اور قریشِ مکہ کی حفاظت فرمائی۔ اللہ تعالیٰ نے ابرہہ اور اس کے لشکر پر چھوٹے چھوٹے پرندے بھیجے جنھوں نے کنکریاں پھینک کر پورے لشکر کو نیست و نابود کر دیا۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو بتائیں قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اس کو پڑھنا، سمجھنا اور اس کی تعلیمات پر عمل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔
- انھیں بتائیں آج ہم سورۃ الفیل کو زبانی یاد کریں گے۔
- طلبہ سے کتاب کا صفحہ نمبر ۵ کھلوائیں اور سورت کا نام باآوازِ بلند پڑھوائیں۔ طلبہ کو بتائیں سورۃ الفیل مکی سورت ہے اور اس کی پانچ آیات ہیں۔

- طلبہ کے سامنے قرآن مجید کی تلاوت کے آداب دہرائیں۔ انھیں بتائیں قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے باوضو ہونا چاہیے۔ پڑھنے سے پہلے تعوذ اور تسمیہ پڑھنی چاہیے اور باادب ہو کر بیٹھنا چاہیے۔
- استاد پہلے خود دُرست تلفّظ سے تلاوت کریں۔ ہر لفظ کی ادائیگی پر زور دیں اور ٹھہر ٹھہر کر لفظ ادا کریں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں ہر لفظ کو غور سے دیکھ کر دُرست تلفّظ سے پڑھیں۔ حرکات کی ادائی کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ کو تین سے پانچ بار سورت کی دہرائی کروائیں تاکہ انھیں سورت ذہن نشین ہو جائے۔ انھیں تاکید کریں کہ سورت کو نماز میں تلاوت کیا کریں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

سورۃ الفیل کو درست تلفظ اور تجوید سے طلبہ کے ساتھ مل کر دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سورۃ الفیل زبانی سنیں اور ان کے تلفّظ اور ادائی کا جائزہ لیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

گھر میں سورۃ الفیل کی تلاوت کسی بڑے کو سنائیں۔

**سر گرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کے درمیان مقابلہ حسنِ قراءت منعقد کروائیں اور بہترین قراءت کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

سوال: واقعہ فیل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تحریر کریں۔

جواب: ______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید |

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سورۃ القریش کو دُرُست تلفّظ اور روانی کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورۃ القریش کو نماز اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں قریش ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے قبیلے کا نام ہے۔ یہ سورت قریشِ مکہ پر اللہ تعالیٰ کے احسانات کے بارے میں نازل ہوئی۔ قریش پر ان احسانات کا ذکر اس لیے کیا گیا تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کے شکر گزار بنیں اور توحید کی دعوت کو قبول کر لیں۔

انھیں بتائیں اس سورت میں قریش مکہ پر اللہ تعالیٰ نے اپنے تین انعامات بیان فرمائے ہیں:

ا۔ گرمی اور سردی میں تجارتی سفر کرنے کا موقع میسر آنا۔

۲۔ بھوک کی حالت میں کھانا نصیب ہونا۔

۳۔ بدامنی کی حالت میں امن دینا۔

انھیں بتائیں اس سورت میں قریشِ مکّہ کو شکر ادا کرنے، شرک سے بچنے اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو بتائیں قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اس کو پڑھنا، سمجھنا اور اس کی تعلیمات پر عمل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

- انھیں بتائیں آج ہم سورۃ القریش کو زبانی یاد کریں گے۔
- طلبہ سے کتاب کا صفحہ نمبر ۵ کھلوائیں اور انھیں بتائیں سورۃ القریش مکی سورت ہے اور اس کی ۴ آیات ہیں۔
- طلبہ کے سامنے قرآن مجید کی تلاوت کے آداب دہرائیں۔ انھیں بتائیں قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے باوضو ہونا چاہیے۔ پڑھنے سے پہلے تعوذ اور تسمیہ پڑھنی چاہیے اور باادب ہو کر بیٹھنا چاہیے۔
- استاد پہلے خود دُرست تلفّظ سے تلاوت کریں۔ ہر لفظ کی ادائیگی پر زور دیں اور ٹھہر ٹھہر کر لفظ ادا کریں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں ہر لفظ کو غور سے دیکھ کر دُرست تلفّظ سے پڑھیں۔ حرکات کی ادائی کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ کو تین سے پانچ بار سورت کی دہرائی کروائیں تا کہ انھیں سورت ذہن نشین ہو جائے۔ انھیں تاکید کریں کہ سورت کو نماز میں تلاوت کیا کریں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

سورۃ القریش کو طلبہ کے ساتھ مل کر دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سورۃ القریش زبانی سنیں اور ان کے تلفّظ اور ادائی کا جائزہ لیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

گھر میں سورۃ القریش کی تلاوت کسی بڑے کو سنائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کے درمیان مقابلہ حسنِ قراءت منعقد کروائیں اور بہترین قراءت کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال: قریشِ مکّہ کو اللہ تعالیٰ نے کن کن نعمتوں سے نوازا تھا؟

جواب: ____________________________________________________________

____________________________________________________________

____________________________________________________________

____________________________________________________________

____________________________________________________________

____________________________________________________________

____________________________________________________________

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 6 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: جمعۃ المبارک کی فضیلت | باب دوم: ایمانیات و عبادات<br>(ب) عبادات |
| --- | --- |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یومِ جمعہ اور نمازِ جمعہ کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- نمازِ جمعہ اور جمعہ کے دن کے فضائل سے واقف ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ ہفتے کے دنوں میں سب سے اہم اور مبارک دن کون سا ہے؟ طلبہ سے جوابات لیں۔ انھیں بتائیں جمعہ سب سے اہم اور افضل ترین دن ہے۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے اسے سید الایام یعنی تمام دنوں کا سردار قرار دیا ہے۔ اس دن اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوتی ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو جمعہ کے دن کی فضیلت سے آگاہ کریں اور بتائیں۔ ابو لبابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: کہ جمعہ کا دن اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام دنوں کا سردار اور تمام دنوں سے بڑا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک عید الفطر اور عید الاضحیٰ سے بڑا ہے۔ (ابنِ ماجہ)
- طلبہ کو جمعہ کے دن کی فضیلت نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کے فرمان سے واضح کریں کہ آپ خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: "جمعہ کے دن ایک ایسی گھڑی ہوتی ہے جس میں کی گئی دعا اللہ قبول فرماتا ہے۔" (صحیح بخاری)

- طلبہ کو بتائیں جمعہ کے دن کی سات دنوں میں وہی حیثیت ہے جو بارہ مہینوں میں ماہِ رمضان المبارک کی ہے۔
- قرآن مجید میں نمازِ جمعہ پڑھنے کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''مومنو! جب جمعہ کے دن نماز کے لیے اذان دی جائے تو اللہ تعالیٰ کی یاد (یعنی نماز) کے لیے دوڑو اور خرید و فروخت ترک کر دو۔ اگر سمجھو تو یہ تمھارے حق میں بہتر ہے۔ (سورۃ الجمعۃ: ۹)

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| حیثیت | حَ۔ ثی۔ یَت | رُتبہ۔ مقام |
| امتیازات | اِم۔ تِ۔ یا۔ زات | نمایاں کرنا۔ فرق کرنا |
| خیر | خَ۔ ر | سلامتی۔ بھلائی |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (۲) کے سوال (۱) کا جواب طلبہ سے لکھوائیں اور جانچیں کہ انھیں کس حد تک سبق کی سمجھ آگئی ہے۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اساتذہ کرام کی مدد سے جمعہ کے دن کے مسنون کاموں کی فہرست بنائیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال: دیے ہوئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ نمازِ جمعہ کے حوالے سے کسی ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں۔

______________________________

______________________________

۲۔ یومِ جمعہ کی فضیلت کے بارے میں ایک حدیثِ مبارکہ کا ترجمہ لکھیں۔

______________________________

______________________________